تلوار پروڈکشن کا انوکھا ڈرامہ

इलज़ाम

الزام

اداکاران

مینا کماری۔ کشور کمار وغیرہ   قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)

خلاصہ کہانی ہر ایک آدمی کی زندگی میں ایک ایسا وقت آ ہی جاتا ہے کہ اس پر کوئی نہ کوئی الزام لگ ہی جاتا ہے انسان تو کچھ چیز ہے جب کہ دیوتا لوگ بھی اس سے نہیں بچتے!

الزام کی کہانی بھی ایسے ہی انسان کی کہانی ہے! جنہوں نے پریم اور انسانیت کیلئے سب مشکلوں کا ہنستے ہنستے سواگت کیا۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

الزام کے گانے

نمبر ا

کہتی ہے یہ ٹھنڈی ہوا یہ رت تو یہ سماں ایسے نہ گنوا
موسم کے لبوں پر ایک رنگ ہے پیروں میں ٹھنگتی ایک آگ ہے
ایسے میں کہاں ہے تو ساز اٹھا۔ کہتی ہے...
ندیا کی طرح بہے یہ زندگی جائے گی کہاں مت سوچ
منزل سے بچنے کیا ہے یہ غم نہ لگا... کہتی ہے...

نمبر ۲

تو ہے میری چاندنی گوری میں ہوں چندا تیری میری پریت ہے
کیسے لگی۔ ایسے لگی جیسے کہ بھنورے سے ایک کلی
اُ مچھنے لگے پیر ملی تو ہے میری...
ایک دن کہانیں سناتا ہوں میری جان ماجرا
شام کو ندیا کنارے میں اکیلا تھا کھڑا
کوئی نہ پاس تھا دل میرا اُداس تھا
کوئی خوشی دل میں نہ تھی بس ایک ہجوم یاس تھا
دل میں تھیں بے قراریاں آنکھوں میں اشکباریاں
جینے تھیں بیزاریاں موت کی انتظاریاں

لب پر سوال آنے لگا دِل میں خیال آنے لگا
ایسے جینے سے تو اچھا ہے ندی میں ڈوب مروں
جینے جی کچھ نہ کیا مر کے ہی کچھ کام کروں
تو پھر ڈوب کیوں نہ مرے
اجی آگئے تو سکنے... تم کہیں سے آگئیں دِل میرا بھر آگئیں
رہ گیا دل میں سما کے ہائے تیرا اشارہ
ڈوبتے کو کیا چاہئے تو تھا تنکے کا سہارا
پیار کے ہنڈولے لاؤ سنگ سنگ جھولیں
گھڑی بھر دُنیا کے سارے غم بھولیں
آؤ میرے ساجنا جھولا مزیدار ہے
بڑا مزیدار ہے۔ کیسی بہار ہے
تیکھا اچار ہے پھر بھی مگر نہیں تیرا میرا پیار ہے

نمبر ۳

مَن میرے رسیا بالم من بسیا جانا نہ جانا دِل توڑ کے
سارا جگ چھوٹے سب کچھ ٹوٹے جاؤں نہ جاؤں تجھے چھوڑ کے
سُن میرے.....
نینوں میں رکھوں گی تو ہے کجرا بنا کے
پلکوں میں رکھوں تو ہے سپنا بنا کے
قدموں میں تیرے پیا سُکھ ہے جہاں کا
دُنیا میں مول نہیں تیری مسکان کا
تم ہیرو ہو سے چاند ستارے جانا نہ جانا دِل توڑ کے۔ سُن میرے رسیا...

نمبر ۴

السلام

دن ڈھلے ہوا جب چلے
تیری یاد میں او پردیسی دِل میرا جلے جلے جلے
سکھی سہیلی بالم کے سنگ چلی دیکھنے میلا
من ہی من میں نیر بہائے منوا میرا اکیلا
آنے جانے کا مکھ دیکھے کھڑی پیڑ کے تلے
دیکھ ذرا ادھر کے گوری پردیسی گھر آیا
دِل کی جھولی میں بھر بھر کے پریت کی مایا لایا
بیت گئے دن انتظار کے اب تو آ لگ جا گلے
جاگی میری سوئی قسمت لوٹ کے بالم آئے
رسیا تیری ایک جھلک نے سونے نین ہنسائے
مِل گئے دیکھو ملنے والے ... دیکھ کے جگ ...

نمبر ۵

بجھنے لگی ہے شمع تیرے انتظار کی
اب آ بھی جاؤ ٹوٹ چلی ہے آس پیار کی
دیکھوں کب تک تیری راہ ساجنا ... تیری راہ ...
چاند تاروں کی بارات جانے لگی
اب تو آجا پیا رات جانے لگی
تجھے ڈھونڈ رہی ہے میری نگاہ ساجنا ... دیکھوں ...
پھول شاخوں پہ آرام سے سو گئے تم نہ جانے نہ جانے کہاں کھو گئے
مجھے سونے نہ دے تیری چاہ ساجنا ۔ دیکھوں کب تک ...
میری آنکھوں میں ساون ہے چھایا ہوا تجھ سے کہنا ہے دِل گھبرایا ہوا
میرا آ کے بتا دے گناہ ساجنا

تم ہو کہاں تم ہو کہاں پیار کی پکار سنو تم ہو جہاں تم ہو جہاں

نمبر ۶

یہ دنیا کانٹوں کا گھیرا موہ مایا کا گھیرا

یہ جگ رین بسیرا بندے نہ تیرا نہ میرا

نہ تیرا نہ میرا یہ جگ رین بسیرا

چڑھتا سورج ڈھلتی چھایا جوگی والا پھیرا

بکھرمن کی گت ایسی نیاری نہ سمجھے سنسار

چار دِنوں کی یہ پھلواڑی چار گھڑی کا ڈیرا

لاکھ لگائے سو کھ بیلا پھر بھی جائے اکیلا

سدا رہی نہ رہے چندنیاں آخر گھور اندھیرا

نمبر ۷ راجن اور کملا

اے بی سی اے بی سی

میرے سپنوں میں چوری چوری آیا کرو جی

سی ڈی ای سی ڈی ای

کوئی دیکھ لے گا ایسے نہ بلایا کرو جی

ای ایف جی ایچ آئی جے

دیکھو میرے پیا دل لے کے نہ دے

ایسے جھوٹوں سے دل نہ لگایا کرو جی

اے بی سی ڈی ای ایف جی ایچ آئی جے کے ایل ایم این او پی

پیہا پکارے دور کہیں پی پی

ایم این او پی کیو آر

شہری بابو سے دیکھو کبھی کرنا نہ پیار

اور دل میرے کبھی گاؤں میں نہ آیا کرو جی
ایس ٹی یو ڈی ڈبلیو ایس واگی
سچ سچ کہنا تمہیں پیار کی دو ہائی
پہلے کس نے نظر تھی ملائی
دونوں کی نظریں ملیں ایک ساتھ چھوڑو تکرار رہے لو ہاتھ میں ہاتھ
اور باقی رہا زیڈ زیڈ زیڈ
دیکھو سبق نہ بھلایا کرو جی
میرے سپنوں میں چوری چوری آیا کرو جی

گیت

دُنیا میں آکے جس نے دیکھا نہ پیار ماں کا
وہ پھول ہے خزاں کا وہ پھول ہے خزاں کا
قسمت کبھی نہ لکھے یوں داستاں کسی کی
بچپن میں اس طرح سے بچھڑے نہ ماں کسی کی
دشمن پہ بھی نہ ٹوٹے یہ قہر آسماں کا
دو روز تم کو لوری دیکر بھی نہ سلایا
ممتا بھری دُعا کی نہ گود میں کھلایا
معصوم کی خطا کیا دوش بے زباں کا

ختم شد

صنعت و حرفت کے مخفیہ راز

مصنّف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے کس طرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے یورپ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے ہزار ہوں روپے سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے۔ صابون۔ تیل۔ کریم پوڈر اصعنہ مرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور سکری کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزار ہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف -/3/1 محصولڈاک معاف

جواہرات کا ڈھیر

جسمیں آچار۔ چٹنی۔ مربے۔ شربت عرق۔ کشتہ۔ چورن۔ معجون۔ خمیرہ۔ ٹینیٹ ادویہ کے نسخے۔ اور مٹھائیاں بنانیکے گر۔ ہزار ہا روپے کے کیمتی ہزار ہوں روپے کوڑیوں سے اشرفیاں پیدا کرنے والے راز تحریر کر دئے گئے ہیں۔ ایک کتاب منگا کر ضرور فائدہ اٹھائیں۔

قیمت صرف -/8/1 محصولڈاک معاف

بوٹ پالش سازی

ہماری اس کتاب میں بوٹ پالش سے متعلق تمام باتیں لکھی گئی ہیں بوٹ کریم بلیکو کینولیس پالش بنانے کے سب نسخے شامل کئے گئے ہیں بوٹ پالش کے تیار کرنے میں جن چیزوں کی ضرورت ہے سب کا پورا حال درج ہے۔ قیمت صرف -/4/3 محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ: ۔۔۔ رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی